# تمام حروف کے مخارج

سوال:۔ مخرج کسے کہتے ہیں؟ جواب:۔ مخرج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔اس کی جمع مخارج آتی ہے۔

سوال:۔ مخرج کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟

جواب:۔ اصطلاحی معنی: جس جگہ سے حرف ادا ہوتا ہے اسکو مخرج کہتے ہیں۔

**نوٹ:۔** مخرج اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سے حرف کی آواز نکلتی ہے اور مخرج کی جمع مخارج آتی ہے اس لئے اوپر لکھا ہوا ہے مخارج۔ قرآن پاک میں ۲۹ / حروف ہیں اور ۲۹ / حروف کے ۱۷ / مخارج ہیں۔ الف، واوری مدہ کے نکلنے کی کوئی جگہ نہیں ہے یہ منہ کی خالی جگہ سے ادا ہوتے ہیں۔اس لئے ہم نے نمبر ب سے ہی شروع کیا ہے۔ایک مخرج کے کئے حروف کو ہم نے ایک ساتھ ہی لکھ دیا ہے۔اب آپ ترتیب سے تمام حروف کے مخارج یاد کریں۔

الف: منہ کی خالی جگہ سے

۱۔ب: دونوں ہونٹوں کا تر حصہ آپس میں ملے۔

۲۔م: دونوں ہونٹوں کا سوکھا حصہ آپس میں ملے۔

۳۔ف: اوپر کے دانتوں کا کنارہ نیچے کے ہونٹ سے لگے۔

۴۔و: دونوں ہونٹ جب گول ہو جائیں۔

۵۔ت د ط: زبان کی نوک اور سامنے والے اوپر کے دانتوں کی جڑ۔

۶۔ث ذ ظ: زبان کی نوک اور سامنے والے اوپر کے دانتوں کا کنارہ۔

۷۔ج ش ی: زبان کا بیچ اوپر کے تالو سے لگے۔

۸۔ز س ص: زبان کی نوک اور اوپر نیچے کے دانت تھوڑا آپس میں ملیں۔

۹۔ر: زبان کی پشت اوپر کے چار دانتوں کے مسوڑوں سے لگے۔

۱۰۔ن: زبان کی پشت اوپر کے چھ دانتوں کے مسوڑوں سے لگے۔

۱۱۔ل: زبان کی پشت اوپر کے آٹھ دانتوں کے مسوڑوں سے لگے۔

۱۲۔ض: زبان کی کروٹ اوپر کی ڈاڑھوں کی جڑ سے لگے۔

۱۳۔ق: زبان کی جڑ اپنے اوپر تالو سے لگے۔

۱۴۔ک: زبان کی جڑ سے کچھ پہلے کا حصہ اپنے اوپر والے حصے سے لگے۔

۱۵۔غ خ: حلق کا منہ کی طرف والا حصہ۔

AzanGu

۱۶۔ع ح: حلق کا درمیان والا حصہ۔

۱۷۔ء ہ: حلق کا سینے کی طرف والا حصہ۔

## ایک جیسی آواز والے حروف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ت ط | ہ ح | ع ء | ق ك |
| ث س ش ص | | ذ ز ج ض ظ | |

**اوپر ہم نے آپ کے لئے چھ خانے بنائیں ہیں اب ان کی آوازوں کے فرق کو سمجھتے ہیں۔**

**پہلا خانہ:۔** ت اور ط کی آواز میں فرق۔ت: باریک اور سخت حرف ہے۔ جبکہ ط کی آواز موٹی اور سخت ہے۔ باریک اور موٹی آواز کا فرق کرنا ہے۔

**دوسرا خانہ:۔** ہ اور ح کے نکلنے کی جگہیں الگ الگ ہیں۔ہ: حلق کے سینے کی طرف والے حصے سے نکلتی ہے جبکہ ح: حلق کے بیچ والے حصہ سے نکلتی ہے۔ دونوں کی آواز باریک اور نرم ہے۔اس لئے آواز کہاں سے نکل رہی ہے اس پر زیادہ دھیان دینا ہے۔

**تیسرا خانہ:۔** ع اور ء کے نکلنے کی جگہیں الگ الگ ہیں۔ع: حلق کے بیچ والے حصے سے نکلتی ہے جبکہ ء: حلق کے سینے کی طرف والے حصے سے نکلتی ہے۔ دونوں کی آواز باریک ہے ع میں سختی کم ہے جبکہ ء میں سختی زیادہ ہے۔اس لئے آواز کہاں سے نکل رہی ہے اس پر زیادہ دھیان دینا ہے۔

**چوتھا خانہ:۔** ق اور ک کی آواز میں فرق۔ق کی آواز موٹی اور سخت ہے۔ جبکہ ک کی آواز باریک ہے۔باریک اور موٹی آواز کا فرق رکھنا ہے۔

**پانچواں خانہ:۔** ث س ش ص کی آوازوں میں فرق۔ث باریک اور نرم حرف ہے، س کی آواز میں سیٹی ہوتی ہے اور باریک حرف ہے، ش باریک اور کچھ سخت حرف ہے، ص کی آواز موٹی ہوتی ہے اس میں سیٹی کی آواز بھی ہے اور ص کی آواز ز اور س سے زیادہ سخت بھی ہے۔اس فرق کے ساتھ حرف کے مخرج پر دھیان دینے، اور استاذ کی مدد سے صحیح آواز آسانی سے نکل آتی ہے۔

**چھٹا خانہ:۔** ذ ز ج ض ظ کی آوازوں میں فرق۔ذ باریک اور نرم حرف ہے، ز کی آواز نرم اور سیٹی والی ہوتی ہے اور باریک ہوتی ہے، ج کی آواز باریک اور سخت ہوتی ہے، ض کی آواز موٹی اور کچھ نرم ہوتی ہے، ظ کی آواز موٹی اور کچھ نرم ہوتی ہے۔اس فرق کے ساتھ حرف کے مخرج پر دھیان دینے، اور استاذ کی مدد سے صحیح آواز آسانی سے نکل آتی ہے۔

AzanGuru